# نو عمر افراد کے لئے کووڈ-19 ویکسینز اجازت کو سمجھنا

Vaccinate WA
CovidVaccineWA.org

( Washington State Department of Healthمحکمۂ صحت برائے ریاست واشنگٹن) کی تجویز ہے کہ 6 ماہ سال اور زائد عمر کے تمام افراد ویکسین لگوائیں۔ اکثر فراہم کنندگان 18 سال سے کم عمر افراد کو ویکسین لگانے کے لئے والدین کی اجازت کا تقاضا کرتے ہیں۔ تاہم اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ اپنے والدین سے خودمختار ہیں تو کچھ حالات میں آپ اپنے لئے اجازت دے سکتے ہیں یا اگر آپ کو رہائشی عدم استحکام کا سامنا ہے اور والدین یا سرپرست کے ساتھ نہیں رہتے تو اپنے اسکول کے ذریعے اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔ اس دستاویز میں ریاستی قانون کے تحت قابل قبول مختلف اقسام کی اجازت، اپنی مدد کے لئے فراہم کنندہ کی تلاش کا طریقہ اور ویکسین کی اپائنٹمنٹ کی تیاری کا طریقہ پیش کیا گیا ہے۔



## آپ اپنے لئے اجازت دے سکتے ہیں اگر:

- **آپ قانونی طور پر علیحدہ ہیں** آپ کی عمر 16 سال یا زائد ہے اور آپ نے اپنے والدین سے علیحدگی کی درخواست دائر کی جسے قبول کیا گیا۔
- **آپ قانونی طور پر علیحدہ اٹھارہ سال سے کم عمر شخص یا بالغ فرد سے شادی شدہ ہیں**
- **فراہم کنندہ تعین کرتا ہے کہ آپ** Mature Minor Doctrine (سمجھدار نو عمر افراد کا قاعدہ)** کے تحت **سمجھدار نو عمر فرد ہیں۔**



## وہ بالغ افراد جو آپ کے لئے اجازت دے سکتے ہیں:

- والدین
- سرپرست یا قانونی کسٹوڈین
- گود لینے والے والد/والدہ یا دیگر شخص جسے گھر کے باہر تعینات کیے گئے بچے کے لئے طبی نگہداشت کی اجازت دینے کا حق حاصل ہو (مضمون 13.32 اے یا 13.34 Revised Code of Washington (RCW, واشنگٹن کا نظر ثانی شدہ کوڈ)،
- ایسا شخص جسے آپ کے لئے نگہداشت صحت کے فیصلے کرنے کی دستخط شدہ اجازت دی گئی ہو
- رشتہ دار جو آپ کی نگہداشت صحت کا ذمہ دار ہو
- اسکول کی نرس، کونسلر یا بے گھر افراد کا ذمہ دار افسر (اگر آپ وفاقی McKinney-Vento Homeless Education Act کے تحت بےگھر تصور کیے جاتے ہیں)*

## **Mature Minor Doctrine کے متعلق مزید معلومات:

کچھ فراہم کنندگان "Mature Minor Doctrine" کے تحت نو عمر افراد کو قابل قبول اجازت دینے کا موقع دیتے ہیں، بشرطیکہ وہ طبی عمل کے نتائج کو سمجھنے اور قبول کرنے کے قابل ہوں۔

مریض کے سمجھدار نو عمر فرد ہونے کا تعین کرتے ہوئے فراہم کنندگان نو عمر فرد کی عمر، ذہانت، سمجھ بوجھ، تربیت، تجربے، معاشی خودمختاری یا اس کے فقدان، بطور بالغ فرد عمومی رویے اور والدین کے اختیار سے آزادی کا تعین کریں گے۔

## *McKinney-Vento استعمال کرتے ہوئے اجازت کے بارے میں مزید معلومات

ریاستی قانون کے تحت جو بےگھر بچے یا نو عمر افراد (جیسا کہ وفاقی McKinney-Vento homeless education act – صرف انگریزی میں وضاحت کی گئی) اپنے والدین یا سرپرست کی کسٹڈی میں نہیں ہیں، ان کے لئے اسکول کی نرسوں، اسکول کے کونسلرز اور بےگھر طلبہ کے ذمہ دار افراد کو ویکسینیشن کی اجازت دینے کا حق حاصل ہے۔

**وسیلے کا لنک:** قومی مرکز برائے بےگھر افراد کی تعلیم، بےگھر اور تنہا طلبہ کی تعلیم میں معاونت، https://nche.ed.gov/wp-content/uploads/2018/10/youth.pdf – صرف انگریزی

## فراہم کنندگان چند مختلف طریقوں سے اجازت قبول کرتے ہیں۔

- کچھ تحریری اور زبانی دونوں طرح سے اجازت کا تقاضا کرتے ہیں۔
- آپ کے لئے اجازت دینے والے بالغ فرد کی آمنے سامنے اجازت
- زبانی اجازت (فون پر یا آمنے سامنے)
- تحریری اجازت (فارم)

## ویکسین لگوانے کے لئے تراکیب

- ☐ **Vaccine Locator (ویکسین تلاش کرنے کا ٹول) (vaccinelocator.doh.wa.gov) پر فلٹر کرنے کے آپشن استعمال کریں یا فراہم کنندہ کو کال کر کے جانیں کہ وہ کس قسم کی اجازت قبول کرتے ہیں۔** ویکسین لوکیٹر پر موجود نو عمر افراد کے استعمال میں آسان فلٹر کرنے کے آپشنز آپ کی صورتحال کے لئے کارآمد فراہم کنندہ کی تلاش میں آپ کی مدد کریں گے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کے پاس ایسا بالغ شخص موجود ہے جو آپ کے لئے اجازت دے سکتا ہے لیکن آپ کے ساتھ اپائنٹمنٹ میں نہیں جا سکتا تو ایسا فراہم کنندہ تلاش کریں جو تحریری اجازت قبول کرتا ہو۔
- ☐ اگر آپ کے پاس ایسے والدین/سرپرست نہ ہوں جو آن لائن فارم بھر سکیں تو **ویکسین کے ایسے مقامات تلاش کریں جو کسی بھی وقت آنے والے افراد کو قبول کرتے ہوں یا کال پر اپائنٹمنٹ لیں۔** اکثر فراہم کنندگان آن لائن اپائنٹمنٹ کے لئے والدین یا سرپرست سے اجازت کا فارم بھرنے کی درخواست کرتے ہیں۔
- ☐ **اپنے اسکول سے بات کریں** اگر آپ کو رہائشی عدم استحکام کا سامنا ہے تو آپ پر McKinney-Vento کا اطلاق ہونا ممکن ہے۔ (مزید معلومات کے لئے اگلا حصہ دیکھیں) آپ اجازت لینے کے لئے اسکول کی نرس، اسکول کے کونسلر یا بے گھر طالب علم کے ذمہ دار فرد سے معاونت کر سکتے ہیں۔
- ☐ **آپ کو جس قسم کی اجازت فراہم کرنے کی ضرورت ہے، اس کی تیاری کریں:**
  - ☐ اگر آپ کی اپائنٹمنٹ پر کسی بالغ فرد کی موجودگی کی ضرورت ہے تو ان سے بات کریں۔
  - ☐ اگر فراہم کنندہ تحریری اجازت قبول کرتا ہے تو دیکھیں کہ کیا اجازت دینے والا شخص فارم پرنٹ کر کے اس پر دستخط کر سکتا ہے یا نہیں۔
  - ☐ اگر آپ والدین سے علیحدہ ہوئے نو عمر فرد ہیں یا والدین سے علیحدہ نو عمر فرد یا بالغ شخص سے شادی شدہ ہیں تو ممکن ہے کہ آپ کو دستاویزات ساتھ لانے کی ضرورت ہو۔
  - ☐ اگر آپ McKinney-Vento استعمال کرتے ہوئے اجازت حاصل کر رہے ہیں اور آپ کو فکر ہے کہ فراہم کنندہ سوالات کرے گا تو آپ معلومات پر مبنی اجازت کے قانون کی نقل ساتھ لا سکتے ہیں: RCW 7.70.065 – صرف انگریزی اور اسکولوں کے لئے مخصوص حصے کو ہائی لائٹ کریں۔ (قانون کا لنک: https://app.leg.wa.gov/RCW/default.aspx?cite=7.70.065 – صرف انگریزی)۔ نوٹ: یہ لازمی تقاضا نہیں ہے۔
  - ☐ اگر آپ Mature Minor Doctrine کے ذریعے اپنے لئے اجازت حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کو یہ ظاہر کرنے والی دستاویز اور معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے کہ آپ اپنے والدین سے خودمختار ہیں۔ تمام فراہم کنندگان اس کا تقاضا نہیں کرتے لیکن اس سے مدد مل سکتی ہے۔ کچھ فراہم کنندگان اپنے مقام پر سمجھدار نو عمر افراد کا تعین نہیں کرتے لیکن سابقہ فراہم کنندگان کی جانب سے سمجھدار نو عمر افراد کا تعین قبول کرتے ہیں۔


اس دستاویز کو کسی اور شکل میں حاصل کرنے کے لئے 1-800-525-0127 پر کال کریں۔ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین براہ کرم 711 (Washington Relay) پر کال کریں یا civil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔